# بچی کا نام عاتکہ بتول رکھنا کیسا ہے؟

**مجیب:** مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3730

**تاریخ اجراء:** 17 شوال المکرم 1446ھ/16 اپریل 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

بچی کا نام عاتکہ بتول رکھنا کیسا ہے اور عاتکہ نام کے کیا معنی ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

عاتکہ بتول نام رکھنا جائز ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پھوپھی اور کئی صحابیات کا نام عاتکہ ہے۔

عاتکہ کے معانی ہیں: "خوشبو وزعفران سے رنگی ہوئی عورت۔ پاکیزہ عورت۔"

اور بتول کے معانی ہیں: "کنواری، زاہدہ عورت۔ وغیرہ۔" یہ حضرت سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالی عنہا کا لقب بھی ہے۔

حدیث پاک:

"أنا ابن العواتك"

(میں عواتک کا بیٹا ہوں) کے تحت فیض القدیر میں ہے:

"جمع عاتكة۔۔۔قال في الصحاح ثم القاموس: العواتك من جداته تسع۔۔۔قال في الروض:۔۔ امرأة عاتكة وهي المصفرة بالزعفران والطيب۔۔ وقال ابن سعد: العاتكة هي في اللغة الطاهرة"

عواتک، عاتکہ کی جمع ہے صحاح پھر قاموس میں کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نو جدات عاتکہ نام کی تھیں۔ روض میں کہا عاتکہ وہ عورت ہے جو خوشبو وزعفران میں رنگی ہوئی ہو اور ابن سعد نے کہا عاتکہ لغت میں پاکیزہ عورت کو کہتے ہیں۔ (فیض القدیر، ج 03، ص 38، تحت الحدیث: 2685، مطبوعہ: مصر)

تاج العروس میں ہے

”والبتول۔۔سمیت مریم العذراء "البتول" رضي الله تعالى عنها۔۔لقبت فاطمة بنت سيد المرسلين۔۔الخ“

ترجمہ: بتول۔۔کنواری حضرت مریم رضی اللہ عنہا کو بتول کہا جاتا ہے۔۔(یونہی) حضرت فاطمہ بنت سید المرسلین (صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم) کا لقب بھی بتول ہے۔(رضی اللہ عنہا) (تاج العروس: (مادۃ: ب،ت،ل) ج 28، ص 52، مطبوعہ: دارالھدایۃ)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "آپ کا لقب ہے بتول اور زہرا۔بتول کے معنی ہیں: منقطع ہونا، کٹ جانا

"وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا"

چونکہ آپ دنیا میں رہتے ہوئے بھی دنیا سے الگ تھیں لہذا بتول لقب ہوا۔" (مراۃ المناجیح، جلد 8، صفحہ 453، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

القاموس الوحید میں ہے

”البتول:

کنواری، زاہدہ عورت۔" (القاموس الوحید، ص 147، ادارہ اسلامیات، لاہور)

فیروز اللغات میں ہے ”بتول: کنواری، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب۔" (فیروز اللغات، ص 178، فیروز سنز، لاہور)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net